سفرنامہ شیخ الہندؒ

اسیر مالٹا

از

شیخ الحرام مولانا حسین احمد صاحب مدنی

دینی بک ڈپو دہلی

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

1965

قیمت

1969.

سوا روپے

سنہ ۱۹۴۷ء

مطبوعہ

علیمی پریس دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللہ فلا مضل لہ ومن یضللہ فلا ھادی لہ ونشھد ان سیدنا ومولانا محمداً عبدہ ورسولہ وصلی اللہ علیہ وعلیٰ الہ واصحابہ وسلم

امابعد حسب الارشاد احباب واکابر مدت دراز سے قصد تھا کہ حضرت مولٰنا مقتدانا ووسیلتنا وذریعتنا فی الدارین۔ حضرت خاتم المحدثین امام المفسرین مولانا محمود حسن صاحب شیخ الہند قدس اللہ سرہ العزیز کے احوال سفر حجاز اور مصر ومالٹا وغیرہ قلمبند کروں۔ لیکن بدقسمتی سے اسقدر موانع خلاف اُمید پیش آتے رہے جن کی وجہ سے ابتک یہ آرزو میدان ظہور میں جلوہ نما نہ ہو سکی۔ چونکہ جن بزرگوں نے مجکو اس تحریر کا حکم فرمایا تھا۔ ان میں یادؔ برگزیدہ اور میرے لئے واجب الاطاعت اور جن کی تابعداری میرے لئے سعادت دارین ہے۔ میرے وسیلۂ دُنیا وآخرت میرے ہادی ورہنما میرے ماوا وملجا مجکو اللہ اور رسول سے ملانے والے قطب العالم شمس العالمین العلم للفقہاء والمحدثین مرکز دائرۃ الحقیقت منطقۂ سموات الطریقت فخر الاکابر ملاذ الاصاغر مرشدی مولائی مولانا رشید احمد صاحب قدس اللہ اسرارہ العلیتہ وامدنا بفیوضاتہ البہیتہ الانصاری الگنگوہی کی صاحبزادی اور مخزمی و معظمی جناب حافظ محمد یعقوب صاحب گنگوہی دام مجدہ کی والدہ ماجدہ